© rasailojaraid.com

انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون

## عَظَّمَ اللّٰهُ أَجْرَكُمْ وَأَحْسَنَ عَزَاكُمْ

ہمارے بہت ہی پیارے دوست محترم جناب ڈاکٹر محمد طیب رضوان صاحب (آف فیصل آباد) کی اہلیہ محترمہ مختصر علالت کے بعد مورخہ 4 جون 2006 بروز اتوار اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔ مرحومہ نہایت صابرہ، شاکرہ، پرہیزگار اور بہت ہی خوش اخلاق خاتون تھیں۔ اسلامی تعلیمات پر سختی سے کاربند تھیں اور اپنے بچوں کی دینی تربیت پر خصوصی توجہ دیتی تھیں۔ ان کے بچوں نے کم سنی کے باوجود والدہ کی وفات پر جس صبر اور بلند حوصلے کا مظاہرہ کیا وہ ایک مثال ہے اور مرحومہ کی اسلام پسندی کا مظہر بھی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں ڈاکٹر صاحب کے علاوہ ایک بیٹا اور ایک بیٹی چھوڑی ہے۔

ہم محترم ڈاکٹر صاحب کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور مرحومہ کی بلندیٔ درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کیلئے دعا گو ہیں۔

شریک غم: مرزا سجاد انور و ادارہ ترجمان الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد

انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون ۞ انا للہ وانا الیہ راجعون

## ڈاکٹر قمر احسان کمالپوری کو صدمہ

جماعت کے معروف مصنف وادیب ڈاکٹر قمر احسان کمالپوری (ناظم مرکزی جمعیت اہلحدیث تحصیل شاہ کوٹ) کا نومولود بیٹا پچھلے دنوں ایک دن کی عمر پا کر انتقال کر گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ڈاکٹر صاحب کیلئے یہ صدمہ بہت بڑا صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل کی توفیق فرمائے اور بچے کا نعم البدل عطا فرمائے۔ بچے کو والدین کیلئے آخرت میں ذخیرہ بنائے۔ آمین

ادارہ ترجمان الحدیث ڈاکٹر صاحب کے غم میں برابر کا شریک ہے اور ان کیلئے صبر جمیل اور بلندی درجات کیلئے دعا گو بھی۔ (ادارہ)


پودوں کو پانی دانتوں کو آئزل

دانت کا شدید درد صرف 10 سیکنڈ میں ختم انشاءاللہ

مسوڑھوں کی تکالیف اور گرم سرد کا موثر ترین علاج

آئزل




نادر ادارہ تحقیق ہومیوپیتھی

پوسٹ بکس نمبر 10 سمندری فیصل آباد پاکستان

0301-7060488